سوال

(315)دوسری شادی کےلیے پہلی بیوی سے اجازت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میری آپ سے گزارش ہے کہ آپ مندرجہ ذیل موضوع کے متعلق کسی حدیث یا شریعت اسلامیہ کی رائے کی معرفت میں میرا تعاون کریں :

جب کوئی عورت کسی شخص سے شادی شدہ ہو اور شوہر نے اس بیوی کی اجازت کے بغیر کوئی اور شادی بھی کررکھی ہو تو عورت کو علم ہو تو وہ کیا کرے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایک سے زیادہ شادیاں کرنے کےلیے بیوی کی رضامندی شرط نہیں اور نہ ہی خاوند پر فرض ہے کہ وہ جب دوسری شادی کرنا چاہے تو پہلی بیوی کو راضی کرے ،لیکن یہ اچھے اخلاق ،اخلاقی فریضہ ،اور حسن معاشرت کا حصہ ضرور ہے کہ اس کا بھی خیال رکھا جائے اور اس کی تکلیف کو کم کرنے کی کوشش کی جائے اور اسے کسی بھی جائز طریقے سے راضی کرنے کی کوشش کی جائے ۔(سعودی فتویٰ کمیٹی)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ نکاح وطلاق

ص398

محدث فتویٰ